QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)

PRESS RELEASE پریس ریلیز

Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt

Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 20

کوئٹہ: 22 جولائی 2026ء۔۔۔۔۔وزارت توانائی (پاور ڈویژن) حکومت پاکستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے مون سون بارشوں کے دوران صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی مانیٹرنگ سیل قائم کر دیا ہے۔مون سون بارشوں کے دوران بجلی کی باقاعدہ اور مسلسل فراہمی کے لئے پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر (پی ڈی سی) کیسکو کو خصوصی مانیٹرنگ سیل قرار دے دیا گیا ہے جو بجلی کی صورتحال کو مانیٹر کرے گی۔اس دوران صوبے بھر میں کیسکو کے تمام شعبوں کو ہائی الرٹ رہنے کی بھی ہدایت جاری کر دی گئی ہیں تا کہ مون سون بارشوں کے دوران کسی بھی ہنگامی وایمرجنسی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔اسکے علاوہ کیسکو ایمرجنسی رسپانس ٹیمیں این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے کی ہدایات کی بنیاد پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی نشاندہی والے جگہوں میں سرکل اور ڈویژن کی سطح پر ہائی الرٹ رہیں گے۔مون سون بارشوں کے دوران تمام ہسپتالوں، واٹر سپلائی اسکیموں اور دیگر ضروری خدمات والے اداروں کو ترجیحی بنیادوں پر بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

کیسکو کے تمام آپریشن سرکلز کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز نے اپنے متعلقہ سرکلز میں فوکل پرسنز نامزد کر دیے ہیں جو اپنے متعلقہ دفاتر میں اپنی موجودگی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ صوبائی وضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھی مسلسل رابطے میں رہیں گے۔فوکل پرسنز بجلی کی فراہمی کی صورتحال، فیڈرز کی بندش یا کسی بھی تکنیکی خرابی اور بجلی بحالی کے سلسلے میں اعلیٰ حکام کو آگاہ کریں گے۔کیسکو انتظامیہ نے کوئٹہ، پشین، لورالائی، سبی، خضدار اور مکران آپریشن سرکلز کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز کو بھی خصوصی ہدایات جاری کر دی ہیں کہ وہ اپنے ماتحت ڈویژنز اور سب ڈویژنز کے افسران و عملے سے مسلسل رابطے میں رہنے کے علاوہ فیلڈ ٹیموں کی دستیابی یقینی بنائیں تا کہ مون سون بارشوں کے باعث پیدا ہونے والی کسی بھی ہنگامی وایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر نمٹا جا سکے۔اسکے علاوہ کیسکو کی جانب سے تمام آپریشن اسٹاف کو ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد اور صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں ہیں۔

اسی طرح گرڈ سسٹم آپریشن (GSO)، گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (GSC) اور پی ڈی کنسٹرکشن کے شعبوں کے افسران و عملے کو بھی الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے تا کہ ٹرانسمیشن اور گرڈ سسٹم سے متعلق کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹا جا سکے۔علاوہ ازیں تمام ریجنل اور فیلڈ اسٹورز کو بھی ضروری برقی سامان، ٹرانسفارمرز، کنڈکٹر، کھمبے اور دیگر برقی آلات کی دستیابی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے تا کہ کسی بھی مقام پر ایمرجنسی کی صورت میں مرمتی کام میں تاخیر نہ ہو۔کیسکو نے تمام آپریشنل افسران اور فیلڈ اسٹاف کو دورانِ ڈیوٹی حفاظتی پالیسی پر بھی سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہیں تا کہ کام کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے۔دریں اثناء کیسکو نے عوام سے اپیل کی ہے کہ مون سون بارشوں کے دوران اپنی اور اپنے پیاروں کی حفاظت کو اولین ترجیح دیں۔بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں، ٹرانسفارمرز، بجلی کی تاروں، برقی تنصیبات اور دیگر برقی آلات کو ہرگز ہاتھ نہ لگائیں کیونکہ نمی یا بارش کے باعث ان میں برقی رو سرایت کر سکتی ہے جو جان لیوا حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔اگر کسی مقام پر بجلی کی تار ٹوٹی ہوئی نظر آئے یا کوئی برقی تنصیب خطرناک حالت میں دکھائی دے تو اس سے محفوظ فاصلہ اختیار کریں اور فوری طور پر متعلقہ کیسکو دفتر یا 118 پر اطلاع دیں۔